ساوتھ برونکس لِٹرسی اکیڈمی (SBLA) وسائل کتابچہ برائے اہل خانہ

ساوتھ برونکس لِٹرسی اکیڈمی (South Bronx Literacy Academy)

SBLA برونکس میں ایک خود مختار اسکول ہے جو خاص طور پر ان طلبا کو سہولیات فراہم کر رہا ہے جنہیں پڑھنے میں مشکلات کا سامنا ہے اور ڈسلیکسیا (dyslexia) ہونے کا اندیشہ ہے اور زبان پر مبنی تعلیمی مشکلات بھی درپیش ہیں۔ عالمی انجمن برائے ڈسلیکسیا کی تجاویز سے ہم آہنگ کرنے کے لیے، SBLA کلاس روم میں خاکہ کش کڑی خواندگی میں تدریس کی پیشکش کرے گا۔ - جس میں بنیادی صلاحیتوں اور دیگر اہم خواندگی کے عناصر بشمول ذخیرۃ الفاظ، مطالعہ فہمی اور تحریر کرنے کی انتہائی واضح، منظم اور کثیرالحسیاتی تعلیم فراہم کی جائیگی۔ اسکے علاوہ، SBLA سماجی - جذباتی تدریس اور مکمل عملی صلاحیت کو فروغ دینے میں معاونت کے لیے مستقل اور بامقصد طریقہ ہائے کار شامل کرے گا تاکہ زبان پر مبنی ایسی تعلیمی مشکلات کے حامل طلبا کی ضروریات کی تکمیل کی جا سکے۔

یہ اسکول نیویارک شہر پبلک اسکولز اور **لِٹرسی اکیڈمی کلیٹیو**، کے درمیان ایک شراکت داری ہے، جو ایک غیر نفعی تنظیم ہے، جسے ڈسلیکسیا کے حامل طلبا کے والدین نے قائم کیا تھا۔

اندراج

2023-24 تعلیمی سال کے لیے، SBLA دوسرے(2) اور تیسرے (3) گریڈز کے طلبا کو نشستوں کی پیشکش کر رہی ہے۔ اسکے بعد، یہ اسکول ہر سال ایک گریڈ کا اضافہ کرنے کی توقع رکھتا ہے جبتک کہ وہ دوسرے (2) سے لیکر آٹھویں (8) گریڈز تک کی گنجائش کو نہ پہنچ جائے۔

موجودہ پہلے اور دوسرے گریڈ کے طلبا کے والدین کی 2023-24 تعلیمی سال کے لیے درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ تمام طلبا مطالعہ تشخیصات سے گزریں گے تاکہ اس اسکول میں داخلے کی اہلیت کا تعین کیا جا سکے۔ ذیل کے طلبا کی SBLA میں داخلے کے لیے درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

- کوئی بھی موجودہ پہلے یا دوسرے گریڈ کا طالب علم جو مطالعہ کرنے میں مناسب پیشرفت دکھانے میں مستقل مشکلات کا سامنا کر رہا ہے؛ یا
- کوئی بھی موجودہ پہلے یا دوسرے گریڈ کا طالب علم جسکی اعصابی نفسیاتی / اعصابی نفسیاتی تعلیمی یا نفسیاتی / نفسیاتی تعلیم کی باضاطہ جانچ کی گئی ہو اور ڈسلیکسیا تشخیص کیا گیا ہو۔

عام تعلیم اور انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے حامل طلبا دونوں کی درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

تدریسی نمونہ

SBLA خواندگی پر مبنی ایک اسکول ہے جو تعلیمی ناکامی انسداد (PAF) کو استعمال کرتے ہوئے، کم از کم 90 منٹ فی دن چھوٹے گروپ میں بنیادی مطالعاتی صلاحیتوں کی تدریس کے لیے مختص کرتا ہے، ایک خاکہ کش خواندگی کا طریقہ کار، جو ہر روز، منظم، واضح اور کثیرالحسیاتی ہے۔ ریاضی میں ایک تواتر اور ساتھ میں ایک نظام ہوتا ہے، جو طلبا میں اختراعی فہم اور عدد کی سمجھ پیدا کرنے میں مدد دینے کے لیے مستقل نمونوں کا استعمال کرتا ہے۔ تحریری تعلیم کو سائنس اور معاشرتی علوم کے موضوعاتی شعبوں کے ذریعے سکھایا جاتا ہے۔ تمام دن زبانی لسانی فروغ اور ذخیرۂ الفاظ تعلیم میں شامل رہتی ہیں۔ اسکول گیر لسانی معاونتوں کےعلاوہ، SBLA اسکول گیر سماجی - جذباتی تدریس (SEL) اور انتظامی کارگزاری (EF) میں معاونت فراہم کرے گی، بشمول طلبا کو صرف SEL اور EF سے متعلق صلاحیتیں، حکمت عملیاں، اور عام زبان سکھانے کے۔ اسکے بعد ان عناصر کو سوچ سمجھ کر تمام اسکول دن میں ضم کیا جاتا ہے۔

SBLA کے تمام کلاس رومز عام تعلیم کے طلبا اور IEPs کے حامل طلبا کے لیے ہم آہنگ باہمی تدریسی کلاسیں ہیں۔ ہر کلاس روم میں دو کُل وقتی اساتذہ ہونگے (1 عام تعلیم اور 1 خاص تعلیم) اور 18 سے زیادہ طلبا نہیں ہونگے۔ اسکے علاوہ، یہ اسکول موقع پر IEP کی مجوزہ متعلقہ خدمات، بشمول گویائی اور ذہنی/جسمانی ورزش سے علاج اور صلاح کاری فراہم کریگا۔

2023-24 تعلیمی سال کے لیے داخلہ کا طریقہ کار

قدم 1) ابھی درخواست دیں! پہلے اور دوسرے گریڈز میں دلچسپی رکھنے والے اہل خانہ 3 میں 1 طریقے کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں:

1. آن لائن www.MySchools.nyc کے ذریعے
2. ایک Family Welcome Center میں جا کر
3. 311 پر فون کرکے

قدم 2) داخلہ لاٹری کے لیے اہلیت کا تعین

1. ڈسلیکسیا کے باضابطہ تشخیص کردہ طلبا خود بخود اس لاٹری کی اہلیت رکھتے ہیں۔
2. دیگر تمام طلبا کو Acadience Benchmark کی بنیاد پر زیر غور لایا جائیگا، جسکا انحصار انکے اسکورز پر ہے، ہو سکتا ہے کہ مزید اضافی تشخیصات کے لیےمدعو کیا جائے۔
   a. جن طلبا کا Acadience Benchmark اسکور 16 صدیہ یا اس سے کم ہوگا انہیں ایک اضافی تشخیص کے لیے مدعو کیا جائیگا۔
   b. جن طلبا کا Acadience Benchmark اسکور 16 صدیہ سے زیادہ ہوگا انہیں ابتدائی طور پر ایک اضافی تشخیص کے لیے مدعو نہیں کیا جائیگا، البتہ ہو سکتا ہے کہ ایک منتظرین کی فہرست میں ممکنہ دستیابی کے لیے ڈال دیا جائے۔
   c. جن طلبا کو اضافی تشخیص کے لیے مدعو کیا گیا ہے انکی اسکول میں مقیم ایک ماہر نفسیات سے 1:1 بالمشافہ ملاقات کرائی جا سکتی ہے۔ طلبا ورڈ ڈیکوڈنگ، سیڈوورڈ (لغو لفظ) کا مطالعہ کرنے، اور ہجوں سے متعلق جانچ میں حصہ لیں گے تاکہ انکی داخلہ لاٹری کے لیے اہلیت کا تعین کیا جا سکے۔

قدم 3) ستمبر 2023 میں SBLA کی داخلوں کی پیشکشیں

تمام اہلیت کے حامل درخواست گزاروں کو داخلوں کی لاٹری میں شامل کر دیا جائیگا۔ پیشکش خطوط جون میں ارسال کیے جائینگے۔

استفسارات:

ساوتھ برونکس لِٹرسی اکیڈمی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ہمارے **ویب پیج** پر جائیں یا bpoolman@schools.nyc.gov پر اسکول پروگرام منتظم، Bethany Poolman سے رابطہ کریں۔